افغان سفیر کی دارالعلوم آمد

پاکستان میں افغانستان کے سفیر ڈاکٹر حضرت عمر ضا خیل وال نے ایک ماہ کے اندر دوبارہ اکوڑہ خٹک آ کر حضرت مہتمم صاحب سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی،اور افغانستان کی صورتحال سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔دونوں ممالک کے دوطرفہ تعلقات اور پائیدار امن کے قیام پر دو گھنٹے تک تفصیلی بات چیت ہوئی ۔اس دوران افغانستان کے صدر اشرف غنی نے بھی حضرت مہتمم صاحب سے فون پر رابطہ کیا اور قیام امن کیلئے کردار ادا کرنے کو کہا۔مولانا یوسف شاہ صاحب نے افغانی سفیر صاحب کو پاکستان کے دینی مدارس میں پڑھنے والے طلبا کے لئے ویزہ پراسیس کو آسان کرنے کی طرف توجہ دلائی۔

کے پی کے اسمبلی کے اسپیکر کی دارالعلوم آمد

کے پی کے اسمبلی کے اسپیکر جناب اسد قیصر صاحب نے دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے ،انہوں نے دارالعلوم کے قائم کردہ قدیم اسکول کا معائنہ کیا ،وہاں کے طلبا کے بہترین پرفامنس پر انہیں خراج تحسین پیش کیا،اس کے بعد حضرت مہتمم صاحب اور دیگر اساتذہ کرام سے ملاقات کی۔ملاقات میں انہوں نے دارالعلوم کے اساتذہ سے گزارش کی کہ وہ ہمارے عصری نصاب کی نظرثانی کریں،اگرکوئی اصلاح کی کوئی گنجائش ہوتو صوبائی حکومت ہر ممکن تعاون کیلئے تیار ہے۔حضرت مہتمم صاحب کی توجہ دلانے پر ناظرہ قرآن کو بھی داخل نصاب کرنے کے حوالہ سے گفتگو کی اسی طرح بارہویں کلاس تک ترجمہ قرآن لازم کرنے کا عندیہ دیا اور نجی سود کے خلاف صوبائی حکومت کے اقدامات کو علماء کے سامنے بیان کیا۔جس پر حضرت مہتمم صاحب نے ان کی ان دینی خدمات کو سراہا۔

مولانا انوار الحق صاحب کی وفاق کے تعزیتی اجلاس میں شرکت

نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب پچھلے دنوں کراچی تشریف لے گئے جہاں انہوں نے وفاق کے صدر شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خانؒ کے تعزیتی اجلاس میں شرکت کی ،اجلاس میں مرحوم کی خدمات پر مذہبی اور علمی تحقیقی خدمات پر انہیں خراج تحسین وتبریک پیش کیا گیا۔

اہم علماء کرائے کرام کی دارالعلوم آمد

مولانا قاضی فضل اللہ کی آمد و خطاب: دارالعلوم حقانیہ کے قدیم فاضل اور امریکہ میں مقیم نامور سکالر حضرت مولانا قاضی فضل اللہ صاحب ،سابق ممبر قومی اسمبلی دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے اور حضرت مہتمم صاحب